© rasailojaraid.com



# کتاب نما

ادارہ

## قرآنیات پر نئی کتابیں

### تذکرۃ القرّاء

مصنف: محمد الیاس الاعظمی

ناشر: دانش بک ڈپو، ٹانڈہ، امبیڈکر نگر (فیض آباد)

سن اشاعت: ۱۹۹۶ء، صفحات: ۲۱۶، قیمت: ۵۰ روپے

قرآنی علوم میں علم قرأت کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ قرآن مجید کو صاف صاف اور اچھی آواز سے پڑھنا مستحسن ہے اور یہ کتاب اللہ کا حق ہے کہ اس کے الفاظ کو صحت مخارج کے ساتھ پڑھا جائے۔ جس طرح علماء امت نے قرآنی علوم کے مختلف پہلوؤں کی خدمت میں زندگیاں صرف کردیں۔ اسی طرح علماء کی ایک جماعت نے قرأت کی خدمت کو اپنا مقصدِ زندگی بنایا اور اس کو ایک عظیم الشان علم کی حیثیت سے ترقی دی۔

صحابہ کرامؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت کو تابعین تک پہونچایا اور اسی دور میں کچھ حضرات نے اس میں خصوصی دل چسپی لی اور اسے ایک مستقل اور مہتم بالشان فن بنادیا۔ یہ کتاب انھیں پاک نفوس اور ان کے فیض یافتگان کا مبارک تذکرہ ہے۔ اس میں قراء سبعہ اور ان کے دو دو راویوں کے حالات زندگی، علمی و دینی خدمات اور امتیازات و کمالات کو مستند مآخذ سے اکٹھا کر کے علمی و تحقیقی انداز و اسلوب میں پیش کیا گیا ہے۔

قراء عظام کے حالات زندگی کے ساتھ ساتھ فن قرأت میں ان کے شغف و انہماک اور

© rasailojaraid.com